ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(53)

24-01-2023

**بہاول پور()انسپکٹر جنرل پنجاب پولیس اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی ہدایت پرڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثارکی زیرنگرانی جرائم پیشہ عناصر کےخلاف مہم میں بہاولپور پولیس کی گزشتہ 03روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں،25ملزمان گرفتار، قبضہ سے 4 کلو سے زائد چرس اور 320لیٹر دیسی شراب ولہن115 لیٹرمعہ 02عددچالو بھٹیاں اور02عددریوالور32بور،اور01عددپسٹل 30 بور برآمداورجواکے ملزمان کوگرفتار کر لیا ،مقدمات درج،دستیاب وسائل کو بروئے کارلاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں،تا کہ معاشرے کوایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ڈی پی اوعبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل پنجاب اورایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی جاری کردہ مہم پرڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثارکی سربراہی میں اورتمام ایس ڈی پی اوز کی زیرنگرانی تمام ایس ایچ اوز نےضلع بہاولپور میں منشیات اورشراب فروشوں کے خلاف مہم جاری۔ بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔تھانہ ڈیرہ نواب صاحب، کینٹ،سٹی یزمان،صدر یزمان اورڈیراور پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے05عددملزمان کوگرفتارکر کے قبضہ سے 4 کلو170 گرام چرس برآمد کر لی۔تھانہ صدر احمد پور شرقیہ،نوشہرہ جدید،ڈیرہ نواب صاحب اور خیر پور ٹامیوالی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 06عددملزمان کوگرفتارکرکے ان کے قبضہ سے 320 لیٹر دیسی شراب ولہن115 لیٹراور02عدد چالو بھٹیاں برآمد کر لی۔تھانہ ڈیرہ نواب صاحب،کوتوالی اور مسافر خانہ پولیس نے اسلحہ نا جائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے03عددملزمان کوگرفتار کر کے قبضہ سے01عددپسٹل 30 بوراور02عددریوالور32بور برآمد کرلیا۔تھانہ صدراحمد پورشرقیہ اور بغدادالجدید پولیس نے جوا کھیلنے والے 11ملزمان کوگرفتارکرکےان کے قبضے سے داؤ پر لگی رقم برامد کرلی۔متعلقہ پولیس نے گرفتارملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے،ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید بڑی کارروائیاں کریں تا کہ بہاول پورمنشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جاسکے۔کسی مشکوک سرگرمی کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 پر کال کر کے اطلاع دیں اور ذمہ دارشہری ہونے کا ثبوت دیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم میں بہاولپور پولیس کی گزشتہ 03 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (54)

24-01-2023

**بہاولپور() پولیس کی جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص وگاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری، گذشتہ 15 دنوں میں 87652 مشکوک لوگوں کو چیک کیا جس کے تناظر میں مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 66 اور عدالتی مفرران 07 کو بھی گرفتار کرلیا۔جبکہ کل 14487 مشکوک گاڑیوں کو چیک کیا گیا جس پر 45 گاڑیوں کا سراغ لگایا گیا جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کی جا رہی ہے۔جرائم سے پاک معاشرہ ہمارا عزم ہے، ڈی پی او عبادت نثار**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے ۔گذشتہ 15 دنوں میں بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ کا جاری رکھا ہوا ہے، جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مشکوک افراد، مشکوک گاڑیوں کی چیک جاری ہے، دوران چیکنگ 87652 مشکوک لوگوں کو چیک کیا جس کے تناظر میں مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 66 اور عدالتی مفرران 07 کو بھی گرفتار کرلیا۔جبکہ کل 14487 مشکوک گاڑیوں کو چیک کیا گیا جس پر 45 گاڑیوں کا سراغ لگایا گیا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، میری پالیسی بہت کلیئر ہے جو بھی آفیسر Crime Control اور Crime Prevention میں برتری لے گا وہی آفیسر میرا فیورٹ ہے اور جو کوئی آفیسر ٹائم پاس کرے گا اس کو کسی ذمہ دار سیٹ پر رہنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاولپور() پولیس کی جانب سے ای پولیس پوسٹ کے ذریعے مشکوک اشخاص وگاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری